# اخبار الوفاق

**امین اللہ**

ماہنامہ وفاق المدارس اپنے قارئین کو وفاق المدارس العربیہ کی سرگرمیوں سے باخبر رکھنے کے لیے ایک نیا سلسلہ ''وفاق المدارس کے نام سے شروع کررہا ہے۔ یہ اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے۔ (ادارہ)

**اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کی سپریم کونسل کا اجلاس:**

۲محرم الحرام ۱۴۲۸ھ کو لاہور میں ''اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ'' کی سپریم کونسل کا ایک ہنگامی اجلاس اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ اور وفاق المدارس العربیہ کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں اتحاد میں شامل پانچوں وفاقوں کے قائدین کے علاوہ راولپنڈی و اسلام آباد کے علماء پر مشتمل ایک وفد نے مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب کی قیادت میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد کی انتظامیہ کی طرف سے مسجد امیر حمزہؓ کی شہادت اور بعض دیگر مساجد مدارس کو گرائے جانے کے نوٹس جاری کیے جانے اور اس سے پیدا ہونی والی صورت حال پر غور وخوض کیا گیا اور لائحہ عمل مرتب کیا گیا۔

**رکن عاملہ مولانا نصیب علی شاہؒ کا سانحہ ارتحال اور وفاق کی جانب سے اظہارِ تعزیت:**

۵محرم الحرام کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب نے ''بنوں'' جاکر وفاق المدارس کی مجلسِ عاملہ کے رکن مولانا سید نصیب علی شاہؒ کے سانحہ ارتحال پر پسماندگان ولواحقین سے وفاق کی جانب سے اظہارِ تعزیت کیا اور مرحوم کی متنوع اور ہمہ جہت خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا۔

حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے اس سفر میں وفاق کے رکنِ عاملہ و مہتمم مدرسہ قاسمیہ شرف الاسلام چوک سرور شہید (مظفر گڑھ) مولانا عبدالمجید صاحب سے ملاقات اور مختلف امور پر بات چیت کے علاوہ طلبہ کے اجتماع سے خطاب بھی کیا۔ دوران سفر جامعہ حلیمہ درہ پیزو لکی مروت میں اساتذہ سے ملاقات اور طلبہ سے بھی خطاب کیا۔ اسی طرح واپسی پر ڈیرہ اسمٰعیل خان میں جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ملاقات کی اور مساجدِ اسلام آباد کے حوالے سے تبادلہ خیال اور اس سلسلے میں باہمی مشاورت ہوئی۔

**ارکانِ عاملہ وفاق اور علماء اسلام آباد وراولپنڈی کا مشترکہ اجلاس:**

۱۱محرم الحرام کو ارکانِ عاملہ وفاق اور علماء اسلام آباد وراولپنڈی کا ایک مشترکہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت وفاق المدارس کے نائب صدر حضرت مولانا محمد حسن جان صاحب نے کی۔ اجلاس میں ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کے علاوہ ارکانِ عاملہ میں سے مولانا انوار الحق صاحب مفتی کفایت اللہ صاحب، قاضی محمود الحسن صاحب، مولانا قاضی عبدالرشید صاحب، مفتی طاہر مسعود صاحب اور مفتی محمد طیب صاحب اور اسلام آباد وراولپنڈی کے علماء میں سے قاری سعید الرحمٰن صاحب، مولانا ظہور احمد علوی صاحب، مولانا نذیر فاروقی صاحب اور دیگر علماء کرام نے

شرکت فرمائی۔ اجلاس میں مساجد اسلام آباد کی صورت حال اور مدرسہ حفصہ للبنات ن حابات کی طرف سے سرکاری چلڈرن لائبریری پر احتجاجاً قبضے کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس کے بعد وفاق المدارس کے نائب صدر حضرت مولانا حسن جان صاحب اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کی قیادت میں ایک وفد نے جامعہ فریدیہ وحفصہؓ کے مہتمم مولانا عبدالعزیز صاحب اور نائب مہتمم مولانا عبدالرشید غازی صاحب سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ مساجد ومدارس اسلام آباد کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی اور ان کے سامنے اس سلسلے میں وفاق المدارس کا مؤقف اور وفاق کی طرف سے کی گئی مصالحانہ کوششوں سے ان کو آگاہ کیا۔

<u>وفاق المدارس کے وفد اور انتظامیہ اسلام آباد کے درمیان مذاکرات:</u>

۱۲محرم الحرام کو ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کی قیادت میں ایک وفد (جس میں رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالمالک صاحب صدر رابطہ المدارس بھی شامل تھے) نے اسلام آباد کی انتظامیہ سے مساجد اسلام آباد کے حوالے سے تفصیلی مذکرات کیے جو رات تین بجے تک جاری رہے۔ اور اس میں مسجد امیر حمزہؓ کی دوبارہ تعمیر، آئندہ مساجد ومدارس کے معاملات کے حل کے لیے انتظامیہ اور علماء پر مشتمل کمیٹی بنانے اور دیگر مساجد کو گرائے جانے کے نوٹس واپس لینے جیسے معاملات زیر بحث آئے۔

<u>قائدین وفاق کی طرف سے مولانا فضل الرحمٰن صاحب اور وزیراعلیٰ سرحد کی عیادت:</u>

۱۳محرم الحرام کو ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب نے لاہور میں زیرِ علاج قائد حزب اختلاف مولانا فضل الرحمٰن صاحب اور وزیر اعلیٰ سرحد جناب اکرم خان درانی صاحب کی عیادت اور بیمار پرسی کی اور صدر وفاق کی طرف سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔

<u>وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ کا ہنگامی اجلاس:</u>

۱۴محرم الحرام کو راولپنڈی میں صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کے زیرِ صدارت وفاق المدارس العربیہ کی مجلسِ عاملہ کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں مساجدِ اسلام آباد کی تازہ صورت حال پر غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس کے بعد حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کی قیادت میں وفاق کے ایک وفد نے مولانا عبدالعزیز صاحب سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ موجودہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا اور اس سلسلے میں وفاق المدارس کے مؤقف اور مجلس عاملہ کے فیصلے سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد وفد نے وفاقی وزیر داخلہ جناب آفتاب احمد خان شیر پاؤ سے مذاکرات کیے جس کے نتیجے میں وفد اور حکومت کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جس کے رو سے مسجد امیر حمزہؓ کی دوبارہ تعمیر اسی جگہ کی جائے گی، آئندہ مساجد ومدارس کے معاملات کے حل کے لیے علماء اور انتظامیہ پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے گی جس کا حکومت باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرے گی۔

<u>وفاق المدارس کی جانب سے سعودی حکومتی وفد کے اعزاز میں استقبالیہ:</u>

۲۱محرم الحرام کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے سعودی عرب کی ''وزارۃ الشئون الاسلامیہ'' کے ایک وفد کے اعزاز میں استقبالیہ جس کی قیادت وکیل الوزارہ فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ کر رہے تھے۔ وفاق کی طرف سے وفد کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا جس میں صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم نے کلمات ترحیب پیش کیے اور معزز مہمانان گرامی کو خوش

(بقیہ بیک سائیڈ ٹائٹل کے اندرونی جانب)